**16.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ بھارت اور قبرص نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کی سبھی قسموں اور مظاہر میں اس کی مذمت کی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر نے دفاع، سمندری سلامتی تجارت اور سرمایہ کاری جیسے اہم شعبوں میں تعاون کو بڑھانے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ وزیر اعظم G-7 سمٹ میں شرکت اور بڑے لیڈروں کے ساتھ باہمی میٹنگوں کیلئے کنیڈا روانہ ہوگئے ہیں۔

☆ احمدآباد ہوائی جہاز حادثے کی تحقیقات کیلئے قائم اعلیٰ سطح کی کمیٹی کی پہلی میٹنگ نئی دلّی میں ہوئی۔ تین مہینے میں رپورٹ پیش کی جائے گی۔

☆ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اسرائیل کے ساتھ بڑھتے ہوئے تنازع کے درمیان نیوکلیائی معاہدے سے الگ ہونے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔

☆ محکمہ موسمیات نے کَل سوراشٹر اور کچھ میں الگ الگ مقامات پر انتہائی شدید اور شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی NCR میں جمعہ تک بارش اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی امید ہے۔

☆ آئی سی سی نے بھارت اور سری لنکا میں 30 ستمبر سے شروع ہونے والے خواتین کے ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ کے مکمل پروگرام کا اعلان کردیا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**India Cyprus Declaration**

بھارت اور قبرص نے دہشت گردی اور انتہاپسندی کی سبھی قسموں اور مظاہر میں اُس کی انتہائی سخت مذمت کی ہے اور ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کے اپنے مشترکہ عزم کی توثیق کی ہے، جو امن اور استحکام کے قیام کو اجاگر کرتی ہے۔ دونوں ملکوں نے تمام ملکوں سے زور دے کر یہ بھی کہا ہے کہ وہ دوسرے ملکوں کی خود مختاری کا احترام کریں اور دہشت گردی کو رقومات فراہم کرنے کے نیٹ ورکس کو ختم کرنے ، محفوظ پناہ گاہوں کو جڑ سے ختم کرنے ، دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنے اور دہشت گردی کے قصور واروں کو تیزی کے ساتھ کیفرِ کردار تک پہنچانے پر زور دیا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر Nikos Christodoulides کے درمیان Nicosia میں آج وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد جاری ایک مشترکہ اعلانیے میں دونوں ملکوں نے سرحد پار کی دہشت گردی سے لڑنے کیلئے ایک جامع ، تعاون پر مبنی اور پائیدار اندازِ نظر اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ قبرص نے سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں اُس کے ساتھ یکجہتی اور مکمل حمایت کا اظہار کیا۔ دونوں لیڈروں نے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں میں شہریوں کی بہیمانہ ہلاکت کی سخت مذمت کی اور زور دے کر کہا کہ حملوں میں ذمے دار افراد کو سزا ملنی چاہیئے۔

اعلانیے میں کہا گیا کہ دونوں لیڈروں نے اپنی متعلقہ دفاعی صنعتوں کے درمیان شراکت داری سمیت دفاع اور سلامتی میں تعاون کو مزید بڑھانے سے اتفاق کیا ، جس میں سائبر سکیورٹی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ دونوں لیڈروں نے تعاون کو وسعت دینے سے متعلق تبادلۂ خیال بھی کیا تا کہ سمندری سرحد کے نظام کو شامل کیا جاسکے۔ قبرص اور بھارت کے درمیان بڑھتی ہوئی کلیدی تکمیلیت کا اعتراف کرتے ہوئے، دونوں لیڈروں نے بڑھتی ہوئی تجارت، سرمایہ کاری اور سائنس ، اختراعات اور تحقیق کے شعبے میں شراکت داری کے ذریعے اقتصادی تعلقات کو وسعت عطا کرنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

صدارتی محل میں قبرص کے صدر Nikos کے ساتھ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کا ذکر کیا کہ قبرص کا ویژن 2035اور بھارت کے وِکست بھارت 2047میں کئی باتیں مشترک ہیں اور ایک لائحہ عمل طے کیا جانا چاہیئے تا کہ اگلے پانچ برسوں میں شراکت داری کے مستقبل کو شکل و صورت عطا کی جاسکے۔

SB-2100- PM Modi Cyprus on Viksit Bharat

وزیر اعظم نے سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں قبرص کی حمایت کیلئے اُس کا شکریہ بھی ادا کیا اور اعلان کیا دونوں ملکوں کے درمیان اطلاعات سے بروقت ایک دوسرے کو واقف کرانے کا نظام وضع کیا جائے گا۔

SB-1705-PM Modi Cyprus on Cross Border Terrorism

وفد کی سطح کے مذاکرات کے دوران دونوں لیڈروں بھارت - قبرص تعلقات کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتے ہوئے وسیع تر تبادلۂ خیال کیا۔ اِس سے قبل جناب مودی نے صدر Nikos Christodoulides کے ساتھ باہمی میٹنگ کی ، جس کے دوران قبرص کے صدر نے انہیں جمہوریہ قبرص کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز Grand Cross of the Order of Makarios III سے نوازا ۔

پیش ہے ایک رپورٹ ....

VC - Raja Durai

وزیر اعظم نریندر مودی کا قبرص کے دورے کی کامیاب تکمیل نے نہ صرف باہمی تعلقات کو استحکام عطا کیا ہے بلکہ کلیدی تعاون میں ایک نئے باب کا آغاز بھی کیا ہے۔ قبرص کے صدر Nikos Christodoulides کے ساتھ وسیع تر مذاکرات میں دونوں لیڈروں نے بھارت—قبرص تعلقات کے تمام شعبوں کا جائزہ لیا۔ دونوں لیڈروں نے

قبرص کے وژن 2035 کو بھارت کے وکست بھارت 2047 سے مرکوز کرنے پر زور دیا اور موجودہ شراکت داری کو مزید آگے لے جانے کے سلسلے میں ایک پانچ سالہ لائحۂ عمل وضع کرنے سے اتفاق کیا۔

بھارت نے پہلگام میں وحشت ناک دہشت گردانہ حملے کی قبرص کی سخت مذمت اور دہشت گردی کے خلاف عالمی لڑائی میں اُس کی مکمل حمایت کی ستائش کی۔

دونوں ملکوں نے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے، منشیات اور اسلحے کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے بروقت اطلاعات سے ایک دوسرے کو واقف کرانے کے نظام کو قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان بھی کیا۔ دونوں لیڈروں نے علاقائی امن اور خوشحالی کی پیشرفت میں بھارت–مشرقِ وسطیٰ– یوروپ اقتصادی راہداری کی کایاپلٹ کردینے والی صلاحیت کو بھی اجاگر کیا۔

اِس دورے کی ایک اہم بات Nicosia کے تاریخی مرکز کا مشترکہ سفر بھی ہے جس میں اقوام متحدہ کی جنگ بندی کی لائن پر پیدل سفر بھی شامل ہے۔صدر Christodoulides نے وزیر اعظم نریندر مودی کو شمالی قبرص کی وہ پہاڑیاں دکھائیں جو 1974 سے ترکی کے قبضے میں ہیں اور اِس طرح انھوں نے جزیرے کی ارضیاتی وسیاسی حساس صورتحال کو بھی اجاگر کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون کے مطابق قبرص کے معاملے کے پُرامن حل کیلئے بھارت کی مستقل حمایت کی توثیق کی۔ وزیراعظم مودی نے اصلاح شدہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کیلئے بھارت کی کوششوں کے تئیں قبرص کی حمایت کا خیر مقدم بھی کیا۔

اقتصادی محاذ پر اِس دورے کے بڑے نتائج برآمد ہوئے۔ قبرص، بھارت کے ساتھ UPI ڈیجیٹل پیمنٹ پلیٹ فارم کے ساتھ خود کو مربوط کرنے کیلئے تیار ہے۔ قبرص کے اسٹاک ایکسچینج نے Gift City میں NSE بین الاقوامی ایکسچینج کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں اور قبرص میں قائم BAO کیپٹل پارٹنرس نے بھارت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 100 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا وعدہ کیا ہے۔

دونوں ملکوں نے اِس سال کے آخر تک بھارت یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کو قطعی شکل دینے کی ضرورت کو اجاگر کیا جو اس کے دیرپا اقتصادی اور کلیدی اثرات کا اعتراف ہے۔

ایک ثقافتی جہت کو بھی شامل کیا گیا اور یونیورسٹی آف نیکوسیا میں انڈین اسٹڈیز چیئر کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ ساتھ ہی تعلیمی اور افرادی قوت کے تبادلے کو فروغ دینے کے سلسلے میں ایک اہم پروگرام کا بھی اعلان کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے اس دورے نے بھارت–قبرص تعلقات میں ایک تازہ رفتار پیدا کردی ہے جس کے سبب ایک مضبوط اور پیش بینی پر مبنی کلیدی شراکت داری کی وسیع تر بنیاد قائم ہوئی ہے۔

راجا دورائی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## PM Canada Visit

وزیر اعظم نریندر مودی قبرص کا اپنا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے بعد آج شام کنیڈا کے دورے کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔ کنیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی کی دعوت پر اپنے دو روزہ Kananaskis

دورے کے دوران، جناب مودی G-7 سمٹ میں شرکت کریں گے اور دنیا کے بڑے لیڈروں کے ساتھ باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔ وزیر اعظم G-7 ملکوں، دیگر مدعو ملکوں کے لیڈروں کے ساتھ اور بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہوں کے ساتھ اہم عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ان میں توانائی کی یقینی فراہمی، ٹیکنالوجی اور اختراعات بالخصوص مصنوعی ذہانت پر مبنی توانائی کے نظام اور کوانٹم سے متعلق معاملات شامل ہیں۔x

## Home Secy Committee Meeting

احمدآباد میں جہاز گِرنے کی تحقیقات کرنے کیلئے حکومت کی طرف سے بنائی گئی اعلیٰ سطح کی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی۔ کمیٹی کی صدارت مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے کی۔ اعلیٰ سطح کی کثیر شعبہ جاتی کمیٹی کے ارکان میں شہری ہوا بازی کی وزارت کے سکریٹری، وزارتِ داخلہ کے سینئر افسران، گجرات کے محکمہ داخلہ اور ریاست کے قدرتی آفت کی صورت میں بندوبست کرنے والی اتھارٹی کے افسران، احمدآباد کے پولیس کمشنر، بھارتی فضائیہ میں انسپیکشن اور سیفٹی کے ڈائریکٹر جنرل اور شہری ہوا بازی کی سلامتی کے بیورو کے ڈائریکٹر جنرل نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔ یہ کمیٹی تین مہینے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی جس کے بارے میں توقع ہے کہ وہ کام کاج کے معیاری طریقۂ کار SOP وضع کرنے پر توجہ کرے گی تاکہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات کی روک تھام کی جاسکے۔طیاروں کے حادثات سے متعلق تحقیقاتی بیورو کی جانب سے ایک علیحدہ تحقیقات کی جارہی ہے جو جہاز گِرنے کے تکنیکی پہلوؤں پر توجہ کر رہی ہے۔

ایئر انڈیا کا بوئنگ 8-787 ڈریم لائنر طیارہ جو احمدآباد سے لندن جا رہا تھا پچھلے ہفتے پرواز کے فوراً بعد ہی گِر کر تباہ ہوگیا۔ طیارے میں سوار 242 افراد میں سے صرف ایک شخص زندہ بچا۔x

## Iran Nuclear Treaty

ایران، اسرائیل کے ساتھ شدت اختیار کرتے ہوئے تنازع کے دوران نیوکلیائی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کے معاہدے سے باہر نکلنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ صدر مسعود پزشکیان نے بتایا کہ ایران کی پارلیمنٹ نیوکلیائی معاہدے سے الگ ہونے کے سلسلے میں قانون وضع کر رہی ہے۔ صدر موصوف نے اپنے ملک کے موقف کو دوہرایا کہ اُن کا ملک نیوکلیائی ہتھیار تیار کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایران کی نیوکلیائی سرگرمیاں پُرامن توانائی اور تحقیق پر ہی مرکوز رہیں گی جو کہ سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے بڑی تباہی والے ہتھیاروں کے خلاف طویل مدت سے اختیار کئے ہوئے مذہبی حکم نامے سے مطابقت رکھتا ہے۔نیوکلیائی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ سے متعلق معاہدہ سنگ میل کی حیثیت رکھنے والا ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے جو نیوکلیائی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام، نیوکلیائی توانائی کے پُرامن استعمال کو فروغ دینے اور نیوکلیائی اسلحے کو ترک کرنے کی سہولیت بہم پہنچانے سے متعلق ہے۔ اِس معاہدے سے ایران کے امکانی طور پر الگ ہونے کا مطلب اس میں خاطر خواہ پھیلاؤ اور مشرقِ وسطیٰ میں نیوکلیائی ہتھیاروں کی دوڑ کے عالمی خطرے کا مزید بڑھ جانا ہوگا۔ بالخصوص اسرائیل اور ایران دونوں کی جانب سے ایک دوسرے پر میزائل پھینکے جانے کے تین دن بعد اس کا مطلب یہی برآمد ہوتا ہے۔ ادھر

ایران نے آج اسرائیل کی موساد کیلئے جاسوسی کرنے کے جرم میں اسماعیلی Fekri کو آج خدائے بزرگ وبرتر کے خلاف جنگ شروع کرنے سمیت دیگر الزامات کی پاداش میں پھانسی پر چڑھا دیا۔ پچھلے چار دن میں اِس تنازع کی وجہ سے ایران میں کم از کم 224افراد ہلاک اور اسرائیل میں 24افراد ہلاک ہوئے ہیں۔x

## Iran Israel Conflict

ایران–اسرائیل تنازع کا آج چوتھا دن ہے اور دونوں ملک اپنی فوجی مہمات کو شدید کئے جارہے ہیں۔ دونوں طرف شہریوں کی ہلاکت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ اسرائیل کی طرف سے حملوں کی شروعات نے دونوں ملکوں کی جانب سے میزائل پھینکے جانے اور فضائی حملے کئے جانے کے سلسلے کو بہت بڑھا دیا جس سے گریز کی کوئی صورت نظرنہیں آرہی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ......

VC Vinod Kumar

ایران کی وزارتِ صحت نے اطلاع دی ہے کہ جمعہ کو لڑائی شروع ہونے کے بعد سے کم از کم 224افراد ہلاک ہوئے ہیں جن میں سے اکثریت اُن شہریوں کی ہے جو فوجی نشانوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا کر کئے گئے اسرائیلی فضائی حملوں کی زد میں آگئے ہیں۔ اسرائیل میں ہلاک ہونے والوں کی مجموعی تعداد اب 20سے زیادہ ہے۔ اور 300کے قریب زخمی ہیں۔ ایران کی فوج نے اتوار اور پیر کی درمیانی رات میں اسرائیلی شہری نشانوں پر ایک بار پھر میزائل اور ڈرون حملے کئے۔ اسرائیل نے پیر کے پورے دن ایران کے فوجی نیوکلیائی اور توانائی سے متعلق مقامات پر بار بار فضائی حملے کرکے جوابی کارروائی کی۔

اسرائیل کی فضائیہ نے وہ کردکھایا جسے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے ایران کی فضائی حدود پر مکمل آپریشنل آزادی کی حصولیابی قرار دیا ہے جس کی وجہ سے وہ راجدھانی تہران سمیت ایران کے اندرونی علاقے میں گھس کر حملے کرپائے ہیں۔ اسرائیل کی فوجوں نے سپاہِ پاسدرانِ انقلابِ اسلامی سے تعلق رکھنے والی قدس فورس جیسے کمانڈ مراکز کو نشانہ بنایا۔ اسرائیل کی دفاعی فورسوں نے خاطرخواہ تدبیری پیشرفت اختیار کرنے کی اطلاع دی ہے۔ انھوں نے اعلان کیا ہے کہ اُس کی فوجوں نے ایران کے ذخیروں کا تقریباً ایک تہائی حصہ تباہ کردیا ہے۔

دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمان

## Israel Intel Killings

اسرائیل نے آج دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے تہران میں ایک فضائی حملے میں سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی IRGC کی انٹلیجنس تنظیم کے سربراہ سمیت ایران کے چار سینئر انٹلیجنس افسران کو ہلاک کردیا ہے۔ اسرائیل کی دفاعی فوجوں نے کہا کہ اتوار کی رات کو ایک حملے میں اُس عمارت کو نشانہ بنایا گیا جہاں سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی اور قدس فورس کے اہم لیڈران میٹنگ کر رہے تھے۔ ہلاک ہونے والوں میں IRGC کے انٹلیجنس سربراہ محمد خاتمی اور اُن کے نائب نیز قدس فورس کے انٹلیجنس سربراہ اور اُن کے نائب شامل ہیں۔x

## Jaishankar

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج فون پر متحدہ عرب امارات کے اپنے ہم منصب شیخ عبداللہ بن زائد النہیان سے مغربی ایشیا میں موجودہ حالات و واقعات اور ڈپلومیسی کے رول پر بات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے Armmenia کے وزیرِ خارجہ Ararat Mirzoyan سے بھی بات کی اور خطے میں موجودہ پیشرفت اور بھارت اور Armmenia کے رمیان قریبی تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کَل سوراشٹر اور کچھ میں دور دور تک شدید سے شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، گنگا کے طاس والے مغربی بنگال، گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اڈیشہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور راجستھان میں کَل تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ دلّی NCR میں اِس مہینے کی 20 تاریخ تک گرج چمک ، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

## UP Maha Weather

اتر پردیش کے 14اضلاع میں گزشتہ 2دن میں بجلی گرنے کے واقعات میں کم از کم 25افراد ہلاک ہوگئے۔ راحت سے متعلق کمشنر کے دفتر سے جاری اعداد و شمار کے مطابق پریاگ راج ضلع میں 5، Jaunpur میں 4اور Gorakhpur،Lalitpur ، بریلی اور بجنور میں ایک–ایک افراد کی اموات کی خبر ملی ہے۔ اِس کے علاوہ لکھنؤ، کان پور دیہات، کُشی نگر، شاہجہاں پور، ہردوئی، سمبھل، جھانسی اور Jalaun اضلاع میں سے ہر ایک میں ایک ہلاکت کی خبر ملی ہے۔ اِن اموات کے مدّ نظر وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اہلکاروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ متاثرہ علاقوں کا سَروے کریں اور متاثر کنبوں کی مدد کریں۔ مہاراشٹر میں ممبئی سمیت کونکن خطے میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ریاست میں مانسون کی آمد کے بعد سے بارش سے متعلق واقعات میں 19افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔×

## Women's ODI World Cup Schdule

بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC نے آج ICC خواتین کے ایک روزہ عالمی ورلڈ کپ 2025کے مکمل پروگرام کا اعلان کردیا ہے، جو بھارت اور سری لنکا میں 30ستمبر سے 2نومبر تک کھیلا جائے گا۔ حالانکہ بھارت کو میزبانی کے باضابطہ حقوق حاصل ہیں مگر بھارت اور پاکستان کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی کی وجہ سے پاکستان کے سبھی میچوں کیلئے سری لنکا ایک غیرجانبدار مقام کے طور پر اس کی میزبانی کرے گا۔ بھارت چوتھی مرتبہ خواتین کے ODI ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔ 2013میں بھارت نے پہلی مرتبہ میزبانی کی تھی۔

بھارت ، سری لنکا کے خلاف 30 ستمبر کو بنگلورو کے چناّ سوامی اسٹیڈیم میں اپنی مہم کی شروعات کرے گا۔ فائنل مقابلہ دو نومبر کو کھیلا جائے گا۔ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت، آسٹریلیا، انگلینڈ، جنوبی افریقہ، نیوزی لینڈ ، سری لنکا ، بنگلہ دیش اور پاکستان کی 8 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ x

## VP Puducherry Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا کہ قومی سلامتی کے معاملات، سیاسی وابستگی اور مفادات سے بالاتر ہونے چاہئیں۔ انہوں نے بھارت کے حالیہ آپریشن سندور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اِس مشن نے اپنی کامیابی کے اعتبار سے اور بھارت کی جانب سے تحمل برتنے جانے کے اعتبار سے عالمی توجہ حاصل کی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ جس طرح مختلف سیاسی جماعتوں نے متفقہ طور پر بھارت کی پوزیشن کو عالمی سطح پر واضح کیا اور اُس پر تبصرہ کیا، وہی اتفاق رائے بھارت کو ہر دن قومی سلامتی اور قومی ترقی کے معاملے میں بنائے رکھنے کی ضرورت ہے۔ جناب دھنکھڑ نے پڈوچیری میں واقع جواہرلال انسٹی ٹیوٹ آف پوسٹ گریجویٹ میڈیکل اینڈ ریسرچ کی جانب سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ باتیں کہیں، جس کا موضوع تھا ''ملک کی تعمیر میں ماحولیاتی پائیداری''۔ حکومت کی حصولیابیوں کی عکاسی کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے اِس بت پر روشنی ڈالی کہ تیز رفتار اقتصادی ترقی، بنیادی ڈھانچے میں غیر معمولی اور وسیع پیمانے پر Digitisation نے عام آدمی کی زندگی، خصوصاً دیہی علاقوں یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت دو عددی اقتصادی ترقی پر پہنچ گیا ہے اور دنیا کی چوتھی بڑی معیشت بن چکا ہے اور جلد ہی یہ عالمی طور پر تیسری بڑی معیشت کی پوزیشن بھی حاصل کرلے گا۔×

## Anupriya Vaccine

کیمیکلز اور فرٹیلائزر کی وزیرِ مملکت انوپریا پٹیل نے کہا ہے کہ عالمی صحت تنظیم کی ، کُل ویکسین کا 70فیصد بھارت فراہم کرتا ہے۔ آج نئی دلّی میں انڈین Pharmacopoeia کمیشن کی جانب سے منعقد دوسرے پالیسی سازی فورم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، محترمہ پٹیل نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت سستی طبی سہولیات کا عالمی مرکز بن کر ابھرا ہے۔ انہوں نے معیاری اور قابلِ بھروسہ ادویات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کے بھارت کے عزم کو اجاگر کیا اور عالمی صحت میں بہتری کیلئے انضباطی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا۔ x

☆☆☆☆☆☆